بسم اللہ الرحمن الرحیم

## مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

# بہارِ قبول

تضمین بر سلامِ

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمة الله عليه

**تضمین نگار: سید حامؔد یزدانی**

پیشکش /طالبِ دعا: **ابوالمیزاب محمد اویس رضوی**

وہ دعا جس کا جوبن بہارِ قبول
اُس نسیمِ اجابت پہ لاکھوں سلام

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

☆

مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

☆

شانِ ختمِ رسالت پہ لاکھوں سلام
رب کے احسانِ نعمت پہ لاکھوں سلام
پیارے آقا کی عظمت پہ لاکھوں سلام
مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

اُمّیِ جانِ حکمت پہ روشن دُرود
جان و شانِ سخاوت پہ روشن دُرود
منبعِ نورِ رحمت پہ روشن دُرود
مہرِ چرخِ نبوت پہ روشن دُرود
گُلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام



آپ شاہِ اُمم، تاجدارِ حرم
ہیں کرم ہی کرم تاجدارِ حرم
عاصیوں کا بھرم تاجدارِ حرم
شہرِ یارِ ارم ، تاجدارِ حرم
نو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

نازِ خیرالبریّہ پہ دائم دُرود
صاحبِ قُربِ مولا پہ دائم دُرود
میہمانِ معلّٰی پہ دائم دُرود
شبِ اسریٰ کے دولہا پہ دائم دُرود
نوشۂ بزمِ جنّت پہ لاکھوں سلام

مُحیِ لطف و رافت پہ عرشی دُرود
زاہدِ پاک فطرت پہ عرشی دُرود
آفتابِ نبوت پہ عرشی دُرود
عرش کی زیب و زینت پہ عرشی دُرود
فرش کی طیب و نُزہت پہ لاکھوں سلام

رافعِ رتبِ اُمّت پہ الطف دُرود
کاشفِ رازِ وحدت پہ الطف دُرود
ایسی اَن مول دولت پہ الطف دُرود
نورِعینِ لطافت پہ الطف دُرود
زیب و زینِ نظافت پہ لاکھوں سلام

مخزن و قاسمِ حُسن و نورِ حرم
صاحب الدّرجات الرّفیعہ، کرم
دو جہاں میں محمد ہمارا بھرم
سروِنازِ قِدم مغزِ رازِ حِکم
یکّہ تازِ فضیلت پہ لاکھوں سلام

مشکلوں میں ہمارا سہارا دُرود
اس عزیز و مکرّم پہ اعلیٰ دُرود
پیارے آقا پہ ہو پیارا پیارا دُرود
نقطۂ سِرِّ وحدت پہ یکتا دُرود
مرکزِ دورِ کثرت پہ لاکھوں سلام



وہ شہِ خشک و تر جس کے شاہد حجر
خشک پیڑوں کی شاخیں ہوئیں باثمر
اِک اِشارے پہ چلنے لگے تھے شجر
صاحبِ رَجعتِ شمس و شق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

قائدِ خیر امّت، حبیبِ خدا
جس کا ہر اک کہا رب نے پورا کیا
سببِ ابتدا، کافِ روزِ جزا
جس کے زیرِ لوا آدم و من سوا
اُس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام

وہ قوی ومتیں، رحمتِ عالمیں
طاب و نورِ مبیں، سیّدُ المرسلیں
جس کا مشتاق ہے وہ فلک یہ زمیں
عرش تا فرش ہے جس کے زیرِ نگیں
اُس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام

ذاتِ محمود، وہ منبعِ رحم و جود
باعثِ عفو و رحمت ہے جس کا وُرود
جس کے زیرِ تصرّف رہیں ہست و بُود
"اصلِ ہر بود و بہبود تخمِ وجود
قاسمِ کنزِ نعمت پہ لاکھوں سلام"

قسیمِ حسنِ سیرت پہ بے حد دُرود
شانِ اکلیلِ بعثت پہ بے حد دُرود
اس وحیدِ فضیلت پہ بے حد دُرود
"فتحِ بابِ نبوت پہ بے حد دُرود
ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام"

باعثِ قُربِ خوابِ حضوری دُرود
ہے ہراک شے سے بڑھ کر ضروری دُرود
کرتا ہے خواہشیں دل کی پوری دُرود
"شرقِ انوارِ قدرت پہ نوری دُرود
فتقِ اَزہارِ قربت پہ لاکھوں سلام"



ساقیِ کوثر و صاحبِ سلسبیل
ذاتِ احمد ہے ذاتِ اَحد کی دلیل
کوئی ہوگا، نہ ہے آپ جیسا جمیل
"بے سہیم و قسیم و عدیل و مثیل
جوہرِ فردِ عزّت پہ لاکھوں سلام"

اس حضور اور غیبت پہ غیبی دُرود
وصفِ مفتاحِ رحمت پہ غیبی دُرود
معنیٔ بُعد و قربت پہ غیبی دُرود
"سِرِّ غیبِ ہدایت پہ غیبی دُرود
عطرِ جیبِ نہایت پہ لاکھوں سلام"

نجمِ ثاقب کی عظمت پہ لاکھوں دُرود
فاتحِ بابِ رحمت پہ لاکھوں دُرود
رازدارِ حقیقت پہ لاکھوں دُرود
"ماہِ لاہوتِ خلوت پہ لاکھوں دُرود
شاہِ ناسوتِ جلوت پہ لاکھوں سلام"

دولتِ حسنِ خیرالوریٰ پر درُود
ناصر و مُہد مشکل کشا پر درُود
اس مُفَضّل کی شانِ سخا پر درُود
کنزِ ہر بے کس و بے نوا پر درُود
حرزِ ہر رفتہ طاقت پہ لاکھوں سلام

رشکِ سروِرواں پیارے قد پر درُود
آپ کے نام پر، حُسنِ خد پر درُود
میم، حے، میم، دال اور شدّ پر درُود
پر توِ اسمِ ذاتِ اَحد پر درُود
نُسخۂ جامعیّت پہ لاکھوں سلام

محسنِ آدمیّت پہ اسعد درُود
ساقیٔ حوضِ جنت پہ اسعد درُود
بحرِ حسنِ سخاوت پہ اسعد درُود
مطلعِ ہر سعادت پہ اسعد درُود
مقطعِ ہر سیادت پہ لاکھوں سلام



اپنی تقدیر کُھل جائے اب کے برس
ہو عطا آنکھ کو نوری جالی کا مس
ہجر کے، غم کے ماروں پہ کھائیں ترس
خلق کے دادرَس، سب کے فریادرَس
کہفِ روزِ مصیبت پہ لاکھوں سلام

اُن کی طٰہٰ عزیمت پہ صدیوں درُود
اُن کی یٰسین رحمت پہ اربوں درُود
ایسے آقا کی نسبت پہ پہروں درُود
مجھ سے بے کس کی دولت پہ لاکھوں درُود
مجھ سے بے بس کی قوّت پہ لاکھوں سلام

نور ان کا کیا پہلے جلوہ نُما
پھر خدا نے ہر اک شے کو قائم کیا
نورِ مصباحِ قدرت کی ہادی ضیا
شمعِ بزمِ دَنیٰ ہُو میں گُم کُن اَنا
شرحِ متنِ ہوّیت پہ لاکھوں سلام

چشمِ تاریخ میں تھا نہ ہوگا کبھی
آپ جیسا نبی، آپ جیسا سخی
آپ ٹھہرے بشر بھی، مگر نور بھی
انتہائے دُوئی ابتدائے یکی
جمعِ تفریق وکثرت پہ لاکھوں سلام

ہر گھڑی ہر قدم میرے لب پر دُرود
پڑھ رہے ہیں سبھی اُن پہ گھر گھر دُرود
جن پہ بھیجے سدا ربِّ داور دُرود
کثرتِ بعدِ قِلّت پہ اکثر دُرود
عزّتِ بعدِ ذِلّت پہ لاکھوں سلام

ماہتابِ ثنا کا ہے ہالہ دُرود
عظمتِ ہر دُعا سے ہے بالا دُرود
صاحبِ نور پر نور والا دُرود
ربِ اعلیٰ کی نعمت پہ اعلیٰ دُرود
حق تعالیٰ کی منّت پہ لاکھوں سلام



ناصح و خیر و ملجا پہ بے حد دُرود
پیارے مختار وماویٰ پہ بے حد دُرود
پرتوِ حسنِ یکتا پہ بے حد دُرود
ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد دُرود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

ہر دُعا کا ہے مقصود و مقصد دُرود
باعثِ ہر سعادت پہ اسعد دُرود
آپ پر صد سلام، آپ پر صد دُرود
فرحتِ جانِ مومن پہ بے حد دُرود
غیظِ قلبِ ضلالت پہ لاکھوں سلام

ذات جن کی ہوئی حرفِ کُن کا سبب
سب پہ لازم شہِ بحر و بر کا اَدب
جن کی توصیف قرآں میں کرتا ہے رب
سببِ ہر سبب، منتہائے طلب
علّتِ جُملہ عِلّت پہ لاکھوں سلام

ہر گھڑی بھیجئے مصطفےٰ پر درُود
ہر دُعا مانگئے اُن پہ پڑھ کر درُود
ذاتِ طاہر کے شایاں مطہّر درُود
مصدرِ مظہریّت پہ اظہر درُود
مظہرِ مصدریّت پہ لاکھوں سلام

آس کی پتیاں، شاخِ دل پر ہلیں
کھوئے آہُو کو طیبہ کی گلیاں ملیں
باغِ جاں میں گلابوں کی وہ محفلیں
جس کے جلوے سے مرجھائی کلیاں کھلیں
اُس گُلِ پاک منبت پہ لاکھوں سلام

آپ کا شہر ہے گوشۂ عاطفت
آپ ہیں فاضلِ حکمت و معرفت
مرتبہ داں بنے، کس میں اِتنی سکت
قدِ بے سایہ کے سایۂ مرحمت
ظلِ ممدُودِ رافت پہ لاکھوں سلام



لہلہائیں دُعاؤں کی پھر ڈالیاں
تا بہ حدِ نظر نور کی وادیاں
باغِ جاں پر جھکیں کیا حسیں بدلیاں
طائرانِ قدس جس کی ہیں قُمریاں
اُس سہی سرو قامت پہ لاکھوں سلام

حرفِ حق آشنا، لہجۂ حق نما
بحرِ لطف و عطا موجۂ حق نما
کیسا دل کش ہے وہ جلوۂ حق نما
وصف جس کا ہے آئینۂ حق نما
اُس خدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام

رفعتوں پر صداقت کے پرچم رہیں
آنکھیں اُمت کے غم میں سدا نم رہیں
ایسے آقا کے خادم نہ کیوں ہم رہیں
جس کے آگے سرِ سروراں خم رہیں
اُس سرِ تاجِ رفعت پہ لاکھوں سلام

ہے خدا کی عطا، گیسوئے مشک سا
جیسے مہکی دُعا، گیسوئے مشک سا
رشکِ موجِ صبا، گیسوئے مشک سا
وہ کرم کی گھٹا، گیسوئے مشک سا
لکۂ ابرِ رافت پہ لاکھوں سلام

معجزہ ہے ہر اک، عظمتوں کا سبق
پیڑ چلتے ہیں، مہتاب ہوتا ہے شق
آپ کے اِذن کی منتظر ہے شفق
لیلۃ القدر میں مطلعِ الفجرِ حق
مانگ کی استقامت پہ لاکھوں سلام

دِل کی لو ہے لگی شاہِ لولاک سے
مرتبہ ہے ورا جن کا ادراک سے
شانِ سرکار بالا ہے افلاک سے
لخت لختِ دلِ ہر جگر چاک سے
شانہ کرنے کی حالت پہ لاکھوں سلام



رحمتِ حق تعالیٰ کے گالے وہ کان
ہیں سماعت کے نوری حوالے وہ کان
اُذنُ خیر و برّ کے نرالے وہ کان
دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

سب کمالات سے اعلیٰ ان کا کمال
اکرمِ خلق ہیں آپ اپنی مثال
اللہ اللہ سراجِ افق کا جمال
چشمۂ مہر میں موجِ نورِ جلال
اُس رگِ ہاشمیّت پہ لاکھوں سلام

جگمگاتا نجابت کا سہرا رہا
مہکا مہکا محبت کا سہرا رہا
ہاں، کرم کا، عنایت کا سہرا رہا
جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اُس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

آپ آئے لو محرابِ کعبہ جھکی
مسکرائے تو محرابِ کعبہ جھکی
طے تھا جھکنا سو محرابِ کعبہ جھکی
"جن کے سجدے کو محرابِ کعبہ جھکی
اُن بھنوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام"

اُن کے رُخ پر دمکتی وہ دِل کش ضیا
وہ خنک دھوپ میں مہکی مہکی صبا
جیسے معصوم اِک پیاری پیاری دُعا
"اُن کی آنکھوں پہ وہ سایہ افگن مژہ
ظلّہ قصرِ رحمت پہ لاکھوں سلام"

قیمتی ہے بہت مال و زر سے دُرود
کاش جھلکے ہر اک بام و در سے دُرود
دِل پہ لکھیں گے ہم چشمِ تر سے دُرود
"اشک باریٔ مژگاں پہ برسے دُرود
سلکِ دُرِّ شفاعت پہ لاکھوں سلام"



وادیٔ جاں میں اِک پھول ایسا کھلا
جس کی خوشبو پہ نازاں مہکتی حنا
جس کی آمد سے ماحول نوری ہوا
"معنیٔ قدرَاٰی، مقصدِ ما طغٰی
نرگسِ باغِ قدرت پہ لاکھوں سلام"

رات غم کی ڈھلی، دَم میں دَم آگیا
بات ایسی بنی، دَم میں دَم آگیا
صبح روشن ہوئی، دَم میں دَم آگیا
"جس طرف اُٹھ گئی، دَم میں دَم آگیا
اُس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام"

بھیجئے لہجۂ مصطفےٰ پر دُرود
پیارے انداز، پیاری صدا پر دُرود
صدقِ کامل کی طیب ادا پر دُرود
"نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر دُرود
اُونچی بینی کی رفعت پہ لاکھوں سلام"

یادِ آقا سے داغِ جگر جگمگائے
نورِ رُخ سے ایاغِ سحر چمچمائے
ان کے جلووں سے باغِ نظر مسکرائے
جن کے آگے چراغِ قمر جھلملائے
اُن عذاروں کی طلعت پہ لاکھوں سلام

چشمِ مازاغ زینت پہ بے حد دُرود
والضحیٰ والی صورت پہ بے حد درُود
نکھری نکھری صباحت پہ بے حد درُود
اُن کے خد کی سہولت پہ بے حد درُود
اُن کے قد کی رشاقت پہ لاکھوں سلام

تیرگی کے قدم ڈگمگانے لگے
زندگی کے دیے جھلجھلانے لگے
خواب مثلِ دُعا مسکرانے لگے
جس سے تاریک دل جگمگانے لگے
اُس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام



ہے دُعاؤں میں سب سے نمایاں درُود
دین و دنیا میں رحمت کا ساماں درُود
کاش ہم پڑھ سکیں اُن کے شایاں درُود
چاند سے منہ پہ تاباں درخشاں درُود
نمک آگیں صباحت پہ لاکھوں سلام

مصحفِ زندگی میں وَرَق در وَرَق
پایا انسانیت نے سنہری سبق
عکسِ رخسار ہے رنگیں رنگیں شفق
شبنمِ باغِ حق یعنی رُخ کا عرق
اُس کی سچی برَاقت پہ لاکھوں سلام

وہ گُلِ ہاشمی رشکِ حسنِ چمن
رُخِ روشن پہ قربان یہ جان و تن
پتھروں کو کیا جس نے لعلِ یمن
خط کی گردِ دہن وہ دل آرا پھبن
سبزۂ نہرِ رحمت پہ لاکھوں سلام

اُن کے قریے کی گُل، مرہم ریشِ دِل
جس کوتر سے یہ دل، مرہم ریشِ دِل
ہم کو بھی جائے مِل، مرہم ریشِ دِل
ریشِ خوش معتدل، مرہمِ ریشِ دِل

ہالۂ ماہِ نُدرت پہ لاکھوں سلام

نیاری نیاری، گلِ قدس کی پتیاں
مہکی مہکی گلِ قدس کی پتیاں
پیاری پیاری گلِ قدس کی پتیاں
پتلی پتلی گلِ قدس کی پتیاں

اُن لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام

لحظہ لحظہ ہیں حالات وحیٔ خدا
ہاں سراپا ہے وہ ذات وحیٔ خدا
دن ہے حکمِ خدا، رات وحیٔ خدا
وہ دہن جس کی ہر بات وحیٔ خدا

چشمۂ علم وحکمت پہ لاکھوں سلام



کیا بیاں ہم سے ہو اس **مبشّر** کی شاں
ذات جسکی ہے دونوں جہانوں کی جاں
ذکرِ آقا کڑی دھوپ میں سائباں
جسکے پانی سے شاداب جان وجناں

اُس دہن کی طراوت پہ لاکھوں سلام

اُس درِ پاک کے جو بھی درباں بنے
ذرّہ خاک سے نجمِ تاباں بنے
کوئی بوذر بنے کوئی سلماں بنے
جس سے کھاری کنویں شیرۂ جاں بنے

اُس زُلالِ حلاوت پہ لاکھوں سلام

اِنس وجاں جس کو سب کُن کی کنجی کہیں
وہ نشاں جس کو سب کُن کی کنجی کہیں
ہاں جی ہاں جس کو سب کُن کی کنجی کہیں
وہ زباں جس کو سب کُن کی کنجی کہیں

اُس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

گلِ رُخ کی صباحت پہ بے حد درُود
قلبِ ایماں کی راحت پہ بے حد درُود
حرفِ حق کی وضاحت پہ بے حد درُود
اُس کی پیاری فصاحت پہ بے حد درُود
اُس کی دل کش بلاغت پہ لاکھوں سلام

اس غیاثِ ذکاوت پہ لاکھوں درُود
معدنِ علم و حکمت پہ لاکھوں درُود
اُس کے لہجے کی عظمت پہ لاکھوں درُود
اُس کی باتوں کی لذت پہ لاکھوں درُود
اُس کے خطبے کی ہیبت پہ لاکھوں سلام

مانگے ہستی کا گلشن بہارِ قبول
آئے میرے بھی آنگن بہارِ قبول
کاش پائے گُلِ فن بہارِ قبول
وہ دعا جس کا جوبن بہارِ قبول
اُس نسیمِ اجابت پہ لاکھوں سلام



جن کی باتوں سے دریا بہیں نور کے
کارواں جن کے پیچھے چلیں نور کے
زُلف کھولیں تو رستے بنیں نور کے
جن کے گچھے سے لچھے جھڑیں نور کے
اُن ستاروں کی نزہت پہ لاکھوں سلام

جسکے کھلنے سے بخشش کی کلیاں کِھلیں
جس کی کرنوں سے جھلکیں حسیں رحمتیں
جس کی لَو سے سعادت کی شمعیں جلیں
جسکی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اُس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

پھیکی باتیں تھیں بے لُطف تھا ہر بیاں
حرف بھی کھو چکے تھے اثر کا نشاں
لے کے آئے دہن میں وہ شیریں زباں
جس میں نہریں ہیں شیر وشکر کی رواں
اُس گلے کی نضارت پہ لاکھوں سلام

ہے مدینہ میں کیسا سماں ہر طرف
بچیاں خیر مقدم کو ہیں صف بہ صف
پڑھتی جاتی ہیں نعتیں بجاتی ہیں دَف
دوش بر دوش ہے جن سے شانِ شرف
ایسے شانوں کی شوکت پہ لاکھوں سلام

آپ ہی کی عطا ہیں یہ ایقان و دل
آپ ہی سے سلامت ہیں ایمان و دل
چھوڑ آیا ہوں طیبہ میں ارمان و دل
حجرِ اسودِ کعبۂ جان و دل
یعنی مُہرِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

ایک گنجینۂ علم پُشتِ حضور
منزلِ زینۂ علم پُشتِ حضور
بالیقیں سینۂ علم پُشتِ حضور
روئے آئینۂ علم پُشتِ حضور
پُشتیٔ قصرِ ملّت پہ لاکھوں سلام



ہم کو اللہ نے ایسا رہبر دیا
جس نے سینوں کو ایمان سے بھر دیا
شافِ دل، شافعِ روزِ محشر دیا
ہاتھ جس سمت اُٹھا غنی کر دیا
موجِ بحرِ سماحت پہ لاکھوں سلام

موجِ طُوفان کی، یَم کی پروا نہیں
کسریٰ و قیصروجم کی پروا نہیں
راہِ مولا میں کُچھ غم کی پروا نہیں
جس کو بارِ دوعالم کی پروا نہیں
ایسے بازو کی قوّت پہ لاکھوں سلام

ذہنِ انساں پہ حاوی تھا نسلی جنوں
آپ آئے تو ہر دل نے پایا سکوں
کِبر ونخوت کے پرچم ہوئے سرنگوں
کعبۂ دین وایماں کے دونوں ستوں
ساعدَین رسالت پہ لاکھوں سلام

اُن کی یادوں سے روشن ہے دل کا حرم
دُور طیبہ سے ہُوں، میری آنکھیں ہیں نم
وہ نذیرِ اُمم ، وہ بشیر نعم
"جس کے ہر خط میں ہے موجِ نورِ کرم
اس کفِ بحرِ ہمت پہ لاکھوں سلام"

پھر رُتیں ایسی آجائیں دریا بہیں
بدلیاں پھر وہ گھِر آئیں دریا بہیں
خیر ہی خیر برسائیں دریا بہیں
"نور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام"

زندگی میں مِری آئے ایسا بھی سال
پورا ہو جائے طیبہ کا آقا سوال
صدقۂ حسنِ سرکار و اصحاب و آل
"عید مشکل کشائی کے چمکے ہلال
ناخنوں کی بشارت پہ لاکھوں سلام"



ان کی ارفع بسالت پہ ارفع دُرود
حرفِ کُن کی اصالت پہ ارفع دُرود
ختمِ بابِ رسالت پہ ارفع دُرود
"رفعِ ذِکرِ جلالت پہ ارفع دُرود
شرحِ صدرِ صدارت پہ لاکھوں سلام"

پیدا ہوگا دُعا میں اثر یوں کہوں
جلد پالوں مقدس سفر یوں کہوں
بات بن جائے گی میں اگر یوں کہوں
"دِل سمجھ سے وَرا ہے مگر یوں کہوں
غنچۂ رازِ وحدت پہ لاکھوں سلام"

رنج و آلام کو خوش دلی سے سہا
زخمِ طائف پہ بھی لب پہ شکرِ خدا
اِس قدر تھے مثالی وہ صبر و رضا
"کُل جہاں مِلک اور جَو کی روٹی غذا
اُس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام"

دائرۂ نبوّت پہ کھنچ کر بندھی
دادِ فتح و شجاعت پہ کھنچ کر بندھی
حرفِ حق و صداقت پہ کھنچ کر بندھی
جو کہ عزمِ شفاعت پہ کھنچ کر بندھی
اُس کمر کی حمایت پہ لاکھوں سلام

ان کے رُتبے کا ہم کو ہو کیسے شعور
جن کی مدّاح ہے ذاتِ ربِّ غفور
مُرسلیں ڈھونڈیں گے ان کو یومِ نشور
انبیاء تہ کریں زانو ان کے حضور
زانوؤں کی وجاہت پہ لاکھوں سلام

آپ کے دَر پہ دل بھی، نگاہیں بھی خَم
صاحبِ بیّنات، اے شفیعِ اُمم!
ہو مقدر میں دیدارِ صحنِ حرم
ساقِ اصلِ قدم شاخِ نخلِ کرم
شمعِ راہِ اصابت پہ لاکھوں سلام



با صفا، با حیا اُس نظر کی قسم
اُن کی رفتار، اُن کی ڈگر کی قسم
فرش سے عرش تک اُس سفر کی قسم
کھائی قرآں نے خاکِ گزر کی قسم
اُس کفِ پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

بارہ تھی نور کی، چمکا طیبہ کا چاند
زندگی جی اُٹھی، چمکا طیبہ کا چاند
عید اصلی ہوئی، چمکا طیبہ کا چاند
جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دِل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

پڑھ رہے ہیں ہمیشہ پڑھیں گے دُرود
اِک سحابِ کرم بن کے برسے دُرود
ڈھال بن جائے ہر غم کو روکے دُرود
پہلے سجدہ پہ روزِ ازل سے دُرود
یادگاریٔ امت پہ لاکھوں سلام

جن کی خاموشی ارفع ہے تقریر سے
خواب سچے سدا بڑھ کے تعبیر سے
زیست بدلی پیامِ ابد گیر سے
زرع شاداب و ہر ضرع پُرشیر سے
برکاتِ رضاعت پہ لاکھوں سلام

محسنِ عالمیں سب پہ احساں کریں
انبیاء دید کا جن کی ارماں کریں
وہ کہ ہر اک عمل اپنے شایاں کریں
بھائیوں کے لئے ترک پستاں کریں
دودھ پیتوں کی نصفت پہ لاکھوں سلام

حشر کی دھوپ میں ایسے پھیلا درُود
کر رہا ہے مرے سر پہ سایا درُود
بن کے بادل شفاعت کا برسا درُود
مہدِ والا کی قسمت پہ صدہا درُود
برجِ ماہِ رسالت پہ لاکھوں سلام



نوری گفتار ہے، نوری ان کا چلن
حرفِ حق کا امیں، مصطفےٰ کا دہن
حسنِ سرکار ہے رشکِ باغِ عدن
اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن
اُس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

پہلی پہلی بہارِ دُعا پر درُود
ہر شگوفے کو چھوتی صبا پر درُود
نخلِ ایماں پہ مہکی رضا پر درُود
اُٹھتے بوٹوں کی نشوونما پر درُود
کھلتے غنچوں کی نکہت پہ لاکھوں سلام

ہے دِل و جاں کو ازبر ہمیشہ درُود
سرِ دربارِ اخضر ہمیشہ درُود
ہاں دُعا مانگ پڑھ کر ہمیشہ درُود
فضل پیدائشی پر ہمیشہ درُود
کھیلنے سے کراہت پہ لاکھوں سلام

ہم پڑھیں دیکھ کر پیاری جالی، درُود
آرزوؤں، دُعاؤں کی ڈالی، درُود
پیش ہے دو جہانوں کے والی! درُود
اعتلائے جبلّت پہ عالی درُود
اعتدالِ طوّیت پہ لاکھوں سلام

آفتابِ نوا پر ہزاروں درُود
رحمتوں کی گھٹا پر ہزاروں درُود
مصطفےٰ، مجتبےٰ پر ہزاروں درُود
بے بناوٹ ادا پر ہزاروں درُود
بے تکلّف ملاحت پہ لاکھوں سلام

کھلتی کھلتی دھنک میں چمکتی درُود
رنگیں رنگیں پرندے، چہکتی درُود
لہروں لہروں لہکتی، دمکتی درُود
بھینی بھینی مہک پر مہکتی درُود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام



شیریں شیریں محبت پہ شیریں درُود
مہکی مہکی بلاغت پہ شیریں درُود
اُجلی اُجلی صباحت پہ شیریں درُود
میٹھی میٹھی عبارت پہ شیریں درُود
اچھی اچھی اشارت پہ لاکھوں سلام

آپ پر میرے رہبر کروڑوں درُود
ذاتِ پاک و مطہّر، کروڑوں درُود
لطف واحساں کے پیکر کروڑوں درُود
سیدھی سیدھی روش پر کروڑوں درُود
سادی سادی طبیعت پہ لاکھوں سلام

اوّلیں علم و حکمت کے آثار میں
اس حرا کے مہکتے ہوئے غار میں
آپ گم ہیں محبت کے انوار میں
روزِ گرم و شبِ تیرہ و تار میں
کوہ وصحرا کی خلوت پہ لاکھوں سلام

پھول، کلیاں، بہاریں، مہکتی دھنک
ہاں کنارِ زمیں سے لبِ عرش تک
ہر نظارے کو شرمائے اُن کی جھلک
جس کے گھیرے میں ہیں انبیاء و مَلَک
اُس جہاں گیر بعثت پہ لاکھوں سلام

آئنے ایسے پَل پَل چمکنے لگے
پھر دُعاؤں کے آنچل مہکنے لگے
آسمانوں سے بادل چھلکنے لگے
اندھے شیشے جھلاجھل دمکنے لگے
جلوہ ریزیٔ دعوت پہ لاکھوں سلام

دل میں یادِ نبی، لب پہ بے حد دُرود
آل و اصحاب پر، سب پہ بے حد دُرود
اُن کے انداز پر ڈھب پہ بے حد دُرود
لطفِ بیداریٔ شب پہ بے حد دُرود
عالمِ خوابِ راحت پہ لاکھوں سلام



غیر فانی محبت پہ نوری دُرود
حسن و جانِ شریعت پہ نوری دُرود
ان کی ہر نوری عادت پہ نوری دُرود
خندۂ صبحِ عشرت پہ نوری دُرود
گریۂ ابرِ رحمت پہ لاکھوں سلام

تابشِ رُوئے رحمت پہ دائم دُرود
شوکتِ کُوئے عظمت پہ دائم دُرود
دائمی جُوئے شفقت پہ دائم دُرود
نرمیٔ خوئے لینت پہ دائم دُرود
گرمیٔ شانِ سطوت پہ لاکھوں سلام

اُونچی اُونچی سبھی گردنیں جھک گئیں
نخوتوں سے تنی گردنیں جھک گئیں
الغرض سب اُٹھی گردنیں جھک گئیں
جس کے آگے کھنچی گردنیں جھک گئیں
اُس خداداد شوکت پہ لاکھوں سلام

کس کے تابع ہیں کونین سوچے کوئی
چشمِ بینا اگر ہو تو دیکھے کوئی
نورِ یزداں کے رکھتا ہے جلوے کوئی
کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی
آنکھ والوں کی ہمّت پہ لاکھوں سلام

آقا شانِ شجاعت میں ہیں بے مثال
ٹھہرے ان کے مقابل یہ کس کی مجال
نورِ حکمت کھلا، ٹوٹا ظلمت کا جال
گردِ مہ دستِ انجم میں رخشاں ہلال
بدر کی دفعِ ظلمت پہ لاکھوں سلام

غازیوں کے قدم میں سماتی زمیں
تنگ کفار پر ہوتی جاتی زمیں
خوف سے ہر گھڑی کپکپاتی زمیں
شورِ تکبیر سے تھرتھراتی زمیں
جنبشِ جیشِ نصرت پہ لاکھوں سلام



پیش قدمی پہ طبل و سخن گونجتے
حرفِ حق سے وہ دشت و دمن گونجتے
اسپِ غازی کی ٹاپوں سے رن گونجتے
نعرہ ہائے دلیراں سے بن گونجتے
غُرشِ کوسِ جرأت پہ لاکھوں سلام

ضربِ شمشیر میں چھنچھناتی صدا
صاحبُ السیف کی کھنکھناتی صدا
فتح و نصرت کا پیغام لاتی صدا
وہ چقا چاقِ خنجر سے آتی صدا
مصطفےٰ تیری صولت پہ لاکھوں سلام

وہ رسول الملاحم، ظفر کا نشاں
ختم اصحاب پر اُن کے، قربانیاں
عشقِ محبوبِ حق جن کو تیغ و سناں
اُن کے آگے وہ حمزہ کی جاں بازیاں
شیرِ غرّانِ سطوت پہ لاکھوں سلام

پاک زلفوں پہ، گیسو پہ لاکھوں درُود
اُس پسینے کی خوشبو پہ لاکھوں درُود
ایسے خوش خُلق، خوش رُو پہ لاکھوں درُود
الغرض اُن کے ہر مو پہ لاکھوں درُود
اُن کی ہر خو و خصلت پہ لاکھوں سلام

جامعِ خیر و برّ پر مدامی درُود
پڑھ رہے ہیں عراقی و شامی درُود
نعت میں بھیجیں رومؔی و جامؔی درُود
اُن کے ہر نام و نسبت پہ نامی درُود
اُن کے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام

غیثِ لطفِ سراسر! کروڑوں درُود
شافعِ روزِ محشر کروڑوں درُود
رہبروں کے اے رہبر کروڑوں درُود
اُن کے مولا کے اُن پر کروڑوں درُود
اُن کے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام



اُن کے قدموں کے نیچے ہے جائے قدس
اور پیغامِ حق لے کر آئے قدس
گیت ہی میرے آقا کے گائے قدس
پارہ ہائے صحف غنچہ ہائے قدس
اہلِ بیتِ نبوّت پہ لاکھوں سلام

حُسنِ تقدیر سے جس میں پودے جمے
رب کی تدبیر سے جس میں پودے جمے
نوری تنویر سے جس میں پودے جمے
آبِ تطہیر سے جس میں پودے جمے
اُس ریاضِ نجابت پہ لاکھوں سلام

امن و ایماں کے وہ باسیادت سفیر
پاک اوصاف ہیں صاف جن کے ضمیر
ساری امت ہے جن کی وفا کی اسیر
خونِ خیرالرُّسل سے ہے جن کا خمیر
اُن کی بے لوث طینت پہ لاکھوں سلام

اُمِّ حسنین وہ زوجۂ مرتضےٰ
جس کو اعزازِ خاتونِ جنت ملا
جس کی طینت کی پہچان خوئے عطا
اُس بتولِ جگر پارۂ مصطفےٰ
حجلہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام

کس جسارت سے چاہا مہ و مہر نے
صدقۂ حسن مانگا مہ و مہر نے
پر نصیبا نہ پایا مہ و مہر نے
جس کا آنچل نہ دیکھا مہ و مہر نے
اُس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام

بنتِ سرکار وہ حضرتِ فاطمہ
حسنِ ایثار کا دل نشیں آئینہ
جس سے وابستہ ہے صبر کا سلسلہ
سیّدہ، زاہرہ، طیبہ، طاہرہ
جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام



ابنِ شیرِ خدا، نانا کا لاڈلا
چہرۂ پاک پر کھیلتی ہے ضیا
عالمِ باصفا، ہادیٔ بے ریا
وہ حسن مجتبےٰ سیّد الاسخیا
راکبِ دوشِ عزت پہ لاکھوں سلام

فاطمہ کا جگر گوشہ ہے باوفا
فقر کی زیبِ جاں ہے دمکتی قبا
عکسِ حسنِ نبی جس کی اِک اِک ادا
اوجِ مہرِ ہدیٰ، موجِ بحرِ ندیٰ
رَوحِ رُوحِ سخاوت پہ لاکھوں سلام

نورِ چشمِ بتول اور جانِ نبی
اک گلِ خوش روئے آشیانِ نبی
ان کے عاشق ہیں سب عاشقانِ نبی
شہد خوارِ لعابِ زبانِ نبی
چاشنی گیرِ عصمت پہ لاکھوں سلام

قاریِ قرآن کا، شاہِ گُل گوں قبا
وہ قتیلِ جفا شاہِ گُل گوں قبا
سر نہ جس کا جھکا شاہِ گُل گوں قبا
اُس شہیدِ بلا شاہِ گُل گوں قبا
بے کسِ دشتِ غربت پہ لاکھوں سلام

جن کی حق گوئی ہے دشمنوں کا ہدف
یہ ہیں تنہا، مقابل ستم صف بہ صف
وہ ہے شمشیر زن، یہ ہیں قرآں بہ کف
دُرِّ دُرجِ نجف، مہرِ برجِ شرف
رنگِ روی شہادت پہ لاکھوں سلام

وہ کہ جانِ وفا، مصطفٰے کی رفیق
علم جن کا فزوں، فکر جن کا عمیق
جن کو رب نے کیا رحمتوں میں غریق
اہلِ اسلام کی مادرانِ شفیق
بانوانِ طہارت پہ لاکھوں سلام



اہلِ بیتِ مقدّم پہ اکثر دُرُود
بھیجئے اُن پہ بہتر سے بہتر دُرُود
طاہرانِ مقدّس پہ اطہر دُرُود
جلوہ گیانِ بیت الشرف پر دُرُود
پروگیانِ عفت پہ لاکھوں سلام

آپ رشکِ جہاں، آپ رشکِ جناں
جانِ لولاک کی ہم نشیں، ہم زباں
آپ جیسا عزیمت میں دُوجا کہاں
سیّما پہلی ماں کہفِ امن و اماں
حق گزارِ رفاقت پہ لاکھوں سلام

جس جگہ حق کی تعلیم نازل ہوئی
آسمانوں سے تعظیم نازل ہوئی
ہاں ثنا اور تکریم نازل ہوئی
عرش سے جس پہ تسلیم نازل ہوئی
اُس سرائے سلامت پہ لاکھوں سلام

جس میں رونق فزا شانِ شاہِ عرب
نسبتِ مصطفےٰ عظمتوں کا سبب
قدسیوں پہ بھی لازم ہے جس کا ادب
منزلِ من قصب لانصب لا صَخَب
ایسے کوشک کی زینت پہ لاکھوں سلام

عفت و شان کی وہ حسیں روشنی
خدمتِ مصطفےٰ جن کی ہے زندگی
پیارے آقا کے گھر کی وہ ہیں چاندنی
بنتِ صدّیق آرامِ جانِ نبی
اُس حریمِ برأت پہ لاکھوں سلام

جن کے دلدادہ ہیں دو جہانوں کے شاہ
جن کے آنچل میں تقدیس نے لی پناہ
حوریں جنت کی رکھتی ہیں خدمت کی چاہ
یعنی ہے سورۂ نور جن کی گواہ
اُن کی پُرنور صورت پہ لاکھوں سلام



سقف و دیوار و در نور سے جگمگائیں
چاند سورج بھی گزریں تو نظریں جھکائیں
ایسے مسکن پہ کیوں ہم نہ دل کو لٹائیں
جن میں روح القدس بے اجازت نہ جائیں
اُن سرادق کی عصمت پہ لاکھوں سلام

وقت کو ہیں سدا جن کی خدمات یاد
دی ہے فہم و فراست کی دنیا نے داد
جن کا مقصد رہا قوم کا اتحاد
شمعِ تابانِ کاشانۂ اجتہاد
مفتیِ چار ملّت پہ لاکھوں سلام

اُلفتِ مصطفےٰ سے تھی جن کی نمود
جن سے خائف نصاریٰ تھے لرزاں یہود
تھے خدا کے لئے وقف جن کے وجود
جاں نثارانِ بدر و اُحد پر دُرود
حق گزارانِ بیعت پہ لاکھوں سلام

زندگی ہی میں عظمت کا مژدہ ملا
فضل، احساں، فضلیت کا مژدہ ملا
دائمی قرب و رحمت کا مژدہ ملا
وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا
اُس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام

اپنا سرمایہ سب نذرِ دیں کر دیا
جس کے مدّاح ہیں خالق و مصطفےٰ
خادمِ مجتبےٰ، قوم کا رہنما
خاص اس سابقِ سیرِ قربِ خدا
اوحدِ کاملیت پہ لاکھوں سلام

کوئی دُنیا نے دیکھا نہ صدّیق سا
آج بھی ہے جو ہم سایہ سرکار کا
ہم سفر جو خطیبُ الامم کا رہا
سایۂ مصطفےٰ، مایۂ اصطفا
عزّ و نازِ خلافت پہ لاکھوں سلام



جس کی تعلیم ہے دو جہانوں کا پُل
گلستانِ خلافت کا پہلا وہ گُل
جس کی یاری پہ نازاں ہیں مولائے کُل
یعنی اُس افضل الخلق بعد الرُسُل
ثانی اثنینِ ہجرت پہ لاکھوں سلام

یارِ غارِ جنابِ رسولِ امیں
جز وفا جس نے گھر کچھ بھی چھوڑا نہیں
دل میں اپنے ہے اس کی وفا جاگزیں
اصدق الصادقیں، سیّد المتقیں
چشم و گوشِ وزارت پہ لاکھوں سلام

دِل میں اغیار کے جس کا رہتا تھا ڈر
کامرانی کی منزل تھا جس کا سفر
جس کی تقدیر تھی شانِ فتح و ظفر
وہ عمؔر جس کے اعدا پہ شیدا سَقَر
اُس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

جس کے پیغام کی ابتدا، انتہا
سنّتِ مُجتبےٰ، سیرتِ مُنتقٰی
جس کا ایمان تھا مصطفےٰ کی دُعا
فارقِ حق و باطل امامُ الھدیٰ
تیغِ مسلولِ شدّت پہ لاکھوں سلام

رازدارِ حــفــی، وہ غنی، وہ سخی
جس کا کردار ہے امن کی روشنی
حُبِّ عِزّ العرب جس کی پہچاں رہی
ترجمانِ نبی، ہم زبانِ نبی
جانِ شانِ عدالت پہ لاکھوں سلام

حامیِٔ سرورِ ہاشمی پر دُرود
اس رفاقت بھری زندگی پر دُرود
ایسے ایثار پر، دوستی پر دُرود
زاہدِ مسجدِ احمدی پر دُرود
دولتِ جیشِ عُسرت پہ لاکھوں سلام



زیبِ عثماں ہے ایمان کی سِلک بھی
پھر سخاوت کی احسان کی سِلک بھی
ذکرِ انوارِ رحمٰن کی سِلک بھی
دُرِّ منثور قرآن کی سِلک بھی
زوجِ دونور عفّت پہ لاکھوں سلام

وہ کہ جامع بھی، قاری بھی قرآن کا
دیں کو نذرانۂ جان و تن دے دیا
آسمانِ وفا ہاں وہ شانِ حیا
یعنی عثمان صاحب قمیصِ ھُدیٰ
حلّۂ پوشِ شہادت پہ لاکھوں سلام

مرجعِ سالکیں، قبلۂ عارفیں
علم و عرفان کا اِمتزاجِ حسیں
ایسا زاہد کسی نے نہ دیکھا کہیں
مرتضٰے شیرِ حق، اشجع الاشجعیں
ساقیِ شیر وشربت پہ لاکھوں سلام

ٹھہرا مقبول و منظور حرفِ دُعا
جن کے علم و شجاعت کا ڈنکا بجا
ہے لقب شیرِ حق، نام ہے مرتضےٰ
اصلِ نسلِ صفا، وجہِ وصلِ خدا
بابِ فصلِ ولایت پہ لاکھوں سلام

پرچمِ نورِ دیں کو وہ بخشا عرُوج
تھرتھرانے لگے ظلمتوں کے بُروج
آیا جو بھی مقابل، گرا مثلِ عُوج
اوّلیں دافعِ اہلِ رفض و خروج
چارمی رُکنِ ملّت پہ لاکھوں سلام

عزم کا بانکپن، شاہِ خیبر شکن
حق نما ہر سخن، شاہِ خیبر شکن
ہیں دُعا میں مگن، شاہِ خیبر شکن
شیرِ شمشیر زن، شاہِ خیبر شکن
پرتوِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام



جس کی ہیبت سے لرزاں جفا کے بُروج
جس کا پیغام تھا: خواہشوں کو نہ پوج
جس کا منشا تھا دینِ خدا کا عروج
ماحیِ رفض و تفضیل و نصب و خروج
حامیِ دین و سنّت پہ لاکھوں سلام

شامِ غم تھی کوئی یا تھی صبحِ طرب
تھی دلوں میں صحابہ کے اک یہ طلب
راضی ہو جائیں بس ان سے شاہِ عرب
مومنیں پیشِ فتح و پسِ فتح سب
اہلِ خیر و عدالت پہ لاکھوں سلام

کیسے تقدیر والے تھے وہ نام وَر
خدمتِ صاحب التّاج آٹھوں پہر
اِن غلاموں کے آقا ہیں حق و عُمَر
جس مسلماں نے دیکھا انہیں اِک نظر
اس نظر کی بصارت پہ لاکھوں سلام

جن کے سینوں میں چاہت ہے اللہ کی
جن کی ہر سانس رحمت ہے اللہ کی
خاص جن پر عنایت ہے اللہ کی
جن کے دُشمن پہ لعنت ہے اللہ کی
اُن سب اہلِ محبت پہ لاکھوں سلام

جن کے چہروں کی رونق ہے ایماں کا نور
پاک سینوں میں حُبِّ نبی کا وفور
جن کو حاصل ہے واللہ دائم حضور
باقیِ ساقیانِ شرابِ طہور
زینِ اہلِ عبادت پہ لاکھوں سلام

جعفرِ صادق اس ہالۂ ماہ کے
ہم کہ ذرے ہیں جن کی گزرگاہ کے
اشعری ، ماتریدیؒ ذی جاہ کے
اور جتنے ہیں شہزادے اس شاہ کے
اُن سب اہلِ مکانت پہ لاکھوں سلام



ہے بوصیریؒ کے فن کا حوالہ دُرود
الجزولیؒ کے دل کا اُجالا دُرود
ایسے عُشّاق پر عِشق والا دُرود
اُن کی بالا شرافت پہ اعلیٰ دُرود
اُن کی والا سیادت پہ لاکھوں سلام

اِک مہِ نو کی آمد امامِ حنیف
صاحبِ علمِ بے حد امامِ حنیف
جن پہ نازاں اب وجد امامِ حنیف
شافعی، مالک، احمد، امامِ حنیف
چار باغِ امامت پہ لاکھوں سلام

عظمتِ قادریّت پہ کامل دُرود
چشتیت کی سعادت پہ کامل دُرود
سہروردِ ولایت پہ کامل دُرود
کاملانِ طریقت پہ کامل دُرود
حاملانِ شریعت پہ لاکھوں سلام

چارۂ غم، امام التقیٰ و النقی
لُطفِ پیہم، امام التقیٰ و النقی
ساتھ ہر دم، امام التقیٰ و النقی
غوثِ اعظم امام التقیٰ و النقیٰ
جلوۂ شانِ قدرت پہ لاکھوں سلام

شاہِ کون و مکاں کے حسیں شاہ زاد
ہے مریدوں کے غم کی دوا اُن کی یاد
ان کے دم سے محبین کے دل ہیں شاد
قطب و ابدال و ارشاد و رُشدالرّشاد
محیِ دین و ملّت پہ لاکھوں سلام

ان کی ہر اک کرامت پہ بے حد درُود
اور پیامِ صداقت پہ بے حد درُود
اصفیاء کی امامت پہ بے حد درُود
مردِ خیلِ طریقت پہ بے حد درُود
فردِ اہلِ حقیقت پہ لاکھوں سلام



راستہ اُن کا ہے راہِ حُبِّ خدا
سلسلہ قادرّیہ کے وہ پیشوا
فہم سے ہیں مقامات جن کے سوا
جس کی منبر ہوئی گردنِ اولیاء
اُس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

خواجۂ اولیاء رہبرِ رہبراں
بابا گنجِ شکر ، باہوئے سالکاں
داتا صاحب کہ ہیں گنج بخشِ جہاں
شاہ بَرکات و برکات پیشنیاں
نوبہارِ طریقت پہ لاکھوں سلام

صاحبِ فضلِ بے حد امام الرُّشد
تابِ حسنِ اب و جد امام الرُّشد
ہیں عنایات کی حد، امام الرُّشد
سیّد آلِ محمد امام الرُّشد
گلِ روضِ ریاضت پہ لاکھوں سلام

گلشنِ صوفیاء کے معطّر وہ پھول
اہلِ دل ہرقدم چھانیں رستے کی دھول
جن کے در پر رہے رحمتوں کا نزول
حضرتِ حمزہ شیرِ خدا و رسول
زینتِ قادریّت پہ لاکھوں سلام

اے خدا تجھ سے ہے اُس کرم کا سوال
جس سے آراستہ خواجگاں کا جمال
ان کی عظمت کی ملتی نہیں ہے مثال
نام وکام وتن و جان و حال و مقال
سب سے اچھے کی صورت پہ لاکھوں سلام

میرے دل کی دُعا بھی ہو مولا قبول
سب مشائخ پہ ہو رحمتوں کا نزول
کیا حسیں باغِ آقا کے اَن مول پھول
نورِ جاں عطر مجموعہ آلِ رسول
میرے آقائے نعمت پہ لاکھوں سلام



شانِ آباء و اجدادِ نوری نہاد
پیارے آقا کی اولادِ نوری نہاد
حضرتِ شیخ حدّادِ نوری نہاد
زیبِ سجادہ سجادِ نوری نہاد
احمدِ نور طینت پہ لاکھوں سلام

حضرت عبدالعلیم ، عالمِ لاجواب
شیخِ کامل حبیب ولایت مآب
ذکر جن کا سدا وجہِ خیر و ثواب
بے عذاب وعتاب وحساب وکتاب
تا ابد اہلِ سنّت پہ لاکھوں سلام

نقشبند و مجدّد کا رنگِ عطا
پیرِ ارچی مبارک کا حُسنِ دعا
میرے مُرشد میاں صاحب باصفا
تیرے ان دوستوں کے طفیل اے خدا
بندۂ ننگِ خلقت پہ لاکھوں سلام

میرے والد ثنا خوانِ شاہِ زمن
وقفِ توصیفِ خیرالبشر جن کا فن
اُن سے مجھ کو ملا ذوقِ شعر و سخن
"میرے اُستاد، ماں باپ بھائی بہن
اہلِ ولد و عشیرت پہ لاکھوں سلام"

اصفیا، اہلِ دل میرے دل میں مکیں
جن کی مجلس کہ ہے بابِ علم و یقیں
میرے بچے بھی ہوں ان کے مجلس نشیں
"ایک میرا ہی رحمت پہ دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری امت پہ لاکھوں سلام"

بزمِ داور میں جب اُن کی آمد ہو اور
نوری پیکر میں جب اُن کی آمد ہو اور
حسنِ محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور
"کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام"



رنج دوری کا کب تک سہیں ہاں رضا
چشمِ حامدؔ سے آنسو بہیں ہاں رضا
عمر بھر کاش طیبہ رہیں ہاں رضا
"مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام"

☆

(۲۷۔ رمضان المبارک ۱۴۳۲ھ)